منگل 8 جولائی 2008ء

احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

منگل 8 جولائی 2008ء 4 رجب 1429 ہجری 8 وفا 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 154

فرشتوں کا سجدہ

حضرت ابوذر غفاریؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

میں وہ کچھ دیکھتا ہوں جو تم نہیں دیکھتے اور وہ کچھ سنتا ہوں جو تم نہیں سن سکتے۔ آسمان پر شور برپا ہے اور اس کا حق ہے کہ ایسا ہو کیونکہ آسمان پر چار انگلیوں کی جگہ بھی ایسی نہیں جہاں کوئی فرشتہ پیشانی رکھے سجدہ نہ کر رہا ہو۔

(جامع ترمذی کتاب الزہد باب قول النبی لو تعلمون حدیث نمبر:2234)

نئی تعمیر شدہ بیت النور کیلگری کینیڈا سے حضور انور کا پر معارف خطبہ جمعہ

بیت الذکر کی تعمیر اصل میں اتفاق، اتحاد کے قیام نیز حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی کا نام ہے

اپنی عبادتوں کے اعلیٰ معیار حاصل کریں بیوت الذکر کو آباد کریں اور وہ نمونے دکھائیں جو خدا کے پیار کو جذب کرنے والے ہوں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ فرمودہ 4 جولائی 2008ء بمقام بیت النور کیلگری کینیڈا کا خلاصہ

خطبہ جمعہ کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 4 جولائی 2008ء کو بیت النور کیلگری کینیڈا سے خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا:۔ حضور انور کے اس خطبہ جمعہ کو ایم ٹی اے پر Live نشر کیا گیا جو پاکستانی وقت کے مطابق 5 جولائی کو صبح 1:30 بجے شروع ہوا۔

حضور انور نے فرمایا کہ جماعت احمدیہ کینیڈا کو ایک نئی بیت الذکر کی تعمیر کی توفیق عطا ہوئی ہے۔ یہ بیت کیلگری میں تعمیر ہوئی ہے اور یہاں ایک بیت کی ضرورت بھی تھی اس کے ساتھ یہ بیت اس شہر میں ایک خوبصورت اضافہ بھی ہوگی۔ حضور انور نے فرمایا کہ ہمیں اللہ تعالیٰ کا شکر گزار ہونا چاہئے کہ جس نے ہمیں اس علاقے میں اس بیت کی تعمیر کی توفیق عطا فرمائی ہے۔ 15 ملین ڈالر کی رقم سے یہ بیت تعمیر ہوئی ہے۔ مجھے لوگوں کے خطوط آتے تھے ہم نے بیت الذکر کی تعمیر کے لئے اتنا وعدہ تو کر لیا ہے مگر بظاہر حالات ایسے نہیں دعا کریں کہ وعدہ جات پورے کر سکیں۔ بہر حال جس نے بھی اس مالی قربانی میں حصہ لیا ہے اللہ تعالیٰ ان سب کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ اس بیت میں ایک مرکزی ہال ہے ایک ملٹی پرپز ہال ہے، ڈائننگ ہال، رہائش کے لئے جگہ ہے اور دفاتر ہیں گویا ایک اچھا بڑا کمپلیکس ہے اور فی الحال جماعتی ضروریات کو پورا کر رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہماری ضرورتوں کو بڑھاتا چلا جائے اور پورا بھی کرتا جائے۔ حضور انور نے فرمایا کہ حضرت مسیح موعود نے بیوت الذکر کو جماعت کے پھیلنے کا ذریعہ بتایا ہے۔ اللہ کرے یہ بیت بھی اس مقصد کو پورا کرنے والی ہو۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔ اس امر کی جماعت کو بہت ضرورت ہے یہ خانہ خدا ہوتا ہے جس گاؤں یا شہر میں بیت الذکر ہوگی وہاں سمجھ لو کہ جماعتی ترقی بھی ہوگی، دین کی ترقی کے لئے ایک جگہ ایک بیت بنا دینی چاہئے۔ نیت باخلاص ہو محض للہ اسے کیا جائے انسانی اغراض اور شر کو غرض نہ ہو۔ اپنی بیت ہونی چاہئے اپنا امام ہونا چاہئے اور اس علاقے کے لوگوں کو چاہئے کہ اس بیت میں باجماعت نماز ادا کریں۔ اتفاق اتحاد کی بہت ضرورت ہے ادنیٰ باتوں کو نظر انداز کر دینا چاہئے۔

حضور انور نے فرمایا کہ ہماری بیوت لوگوں کو کھینچنے کا بہت بڑا ذریعہ ہیں۔ اسی طرح اس بیت کی تعمیر سے بھی یہی بات پیش نظر ہونی چاہئے۔ اس کے تقاضے پورے کرنے چاہئیں۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔ خدا تعالیٰ مجھے اکیلا نہیں چھوڑے گا بلکہ مخلصین کی ایک جماعت عطا کرے گا۔ پس اپنی عبادتوں کے اعلیٰ معیار حاصل کریں۔ بیوت الذکر کو آباد کریں امن اور محبت کے وہ نمونے دکھلائیں جو خدا کے پیار کو جذب کرنے والے ہوں۔ بیوت الذکر کو خوبصورت بنانا ان کی زیب و آرائش کرنا وغیرہ اتنا ضروری نہیں بلکہ اصل بات یہ ہے کہ ان کی بنیاد تقویٰ پر ہو اور یہی اہم کام ہے جو بیوت کی تعمیر کے بعد شروع ہوتا ہے کہ خوف خدا رکھنے والے اس کی عبادت بجالانے والے حقوق العباد ادا کرنے والے اور نظام جماعت کی اطاعت کا حق ادا کرنے والے لوگوں سے ان بیوت کو بھر دیا جائے۔

حضور انور نے فرمایا کہ شادی کرنا ایک احسن امر ہے۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول نے بھی اس طرف کافی توجہ دلائی ہے بعض اوقات یہ احسن امر بعض خاندانوں کیلئے ابتلاء بن جاتا ہے اور یہ اس وقت ہوتا ہے جب کوئی لڑکا یا لڑکی غیر از جماعت میں شادی کر لیتا ہے اور پھر بعض اوقات تو یہ نکاح ان شرائط پر ہوتا ہے کہ جوان احمدیوں کو حضرت مسیح موعود کی بیعت سے ہی باہر نکال دیتا ہے کیونکہ ایسے لوگ مخالفین سے نکاح پڑھواتے ہیں۔ یہ تبھی ہوتا ہے جب انسان خواہشات کا غلام بن جاتا ہے۔ حضور انور نے فرمایا کہ اپنی خواہشات کا شکار ہونے کی بجائے اس خوبصورت امر کو اپنائیں کہ شادیوں میں بھی دینی پہلو کو مدنظر رکھا جائے نیک فطرت احمدی خاندانوں کی تلاش کریں اور رشتے کریں۔ جو بچیاں غیر از جماعت میں شادیاں کرتی ہیں وہ گویا خود نہ چاہتے ہوئے بھی اپنی اولاد کو غیروں کے ہاتھ میں دے رہی ہوتی ہیں پس ہر احمدی کو اپنے اس عہد کی طرف کہ میں دین کو دنیا پر مقدم کروں گا توجہ کرنی چاہئے۔

آخر پر حضور انور نے بیت الذکر کے قیام کے مقصد کو امن کا ذریعہ بناتے ہوئے فرمایا جو لوگ بیت الذکر میں آ کر بھی حقوق العباد کی ادائیگی کی طرف کما حقہ توجہ نہیں کرتے وہ خود سچی اطاعت سے باہر جا رہے ہوتے ہیں بعض احمدی دعویٰ تو احمدی ہونے کا کرتے ہیں مگر شادی بیاہ کے معاملات میں علیحدگی وغیرہ میں بعض اوقات سارا خاندان ہی اور بعض عہدیداران غلط لوگوں کا ساتھ دیتے ہیں تو وہ کس طرح امن کے قیام کی کوشش کر رہے ہیں۔ اپنے عہدوں اور ایمانوں کا حق ادا کریں اگر ان میں خیانت کر رہے ہیں تو خدا کے حضور جواب دہ ہوں گے عبادت کا حق اور بیوت الذکر کا حق آپس میں محبت امن اخوت اور سلامتی کا پیغام اور وحدت کی لڑی میں پرونے سے ہوگا اور اپنی خواہشات کو دین پر قربان کرنے سے ہوگا۔

حضور انور نے فرمایا اللہ کرے کہ اس بیت الذکر سے بھی دور دور تک دین حق کا پیغام پہنچے اور یہ دعوت الی اللہ کا بہترین ذریعہ ہو۔ عمل دلیل سے زیادہ اثر ڈالتا ہے نیک تاثر کو قائم رکھیں۔ اللہ سب کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

نمایاں اعزاز

۞ مکرم ڈاکٹر بشیر احمد صاحب ڈینٹسٹ دارالرحمت شرقی الف ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میرے بیٹے مکرم سعادت احمد سمیر صاحب نے پولٹاوا یونیورسٹی یوکرائن میں B.D.S (ڈینٹل سرجری) سال دوم میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے اول پوزیشن حاصل کی اور اپنی اکیڈمی میں بہترین طالب علم کا اعزاز حاصل کیا ہے۔ اس کے بعد امریکہ کی طرف سے یوکرائن کے شہر Vinitsia City میں وزارت ہیلتھ کے زیر انتظام ڈینٹل سرجری کے موضوع پر تحقیقی مقالہ پیش کرنے کا مقابلہ ہوا جس میں ان ممالک یوکرائن، رشیا، رومانیہ، فن لینڈ وغیرہ کے 200 طلبہ نے حصہ لیا مکرم سعادت احمد سمیر صاحب کو اپنی اکیڈمی کی طرف سے شمولیت کے لئے بھجوایا گیا۔ 200 طلبہ میں سے 38 کو اس مقابلہ میں شامل کیا گیا۔ اس مقابلہ میں مکرم سعادت احمد سمیر صاحب نے ٹاپ پوزیشن حاصل کی جس پر وزیر ہیلتھ نے سند کے علاوہ نقد انعام سے بھی نوازا۔ اس تحقیقی مقالہ میں اول پوزیشن حاصل کرنے کی وجہ سے امریکن ڈینٹل ایسوسی ایشن کی طرف سے مکرم سعادت احمد سمیر صاحب کو فل ٹائم ممبر شپ دی۔

ویکسینیشن کیمپ

۞ ہیپا ٹائٹس بی سے بچاؤ کے لئے ویکسینیشن کیمپ مورخہ 9 جولائی 2008ء کو فضل عمر ہسپتال ربوہ میں لگایا جائے گا۔ احباب وخواتین سے گزارش ہے کہ اس سے استفادہ کے لئے ہسپتال تشریف لائیں اور مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

درخواست دعا

☆ خدا تعالیٰ کی راہ میں قید کئے جانے والے مختلف احباب جماعت کی باعزت رہائی کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان اسیران راہ مولیٰ کو اپنی حفظ وامان میں رکھے اور ان کو ہر قسم کی پریشانی سے بچائے۔ آمین

خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی 1908ء تا 2008ء

پیس ولیج کینیڈا میں جلسہ یوم خلافت

آٹھ ہزار مرد وزن حضور انور کے خطاب کیلئے بیت الذکر میں اکٹھے ہوگئے

27 مئی 2008ء کا انتظار تو سال کے آغاز سے ہی ہر احمدی دل کو بے چین کئے ہوئے تھا۔ جوں جوں یہ دن قریب آتا جا رہا تھا دل کی دھڑکنیں تیز ہوتی جا رہی تھیں، تیاریاں زور پکڑ رہی تھیں، چہروں پر بیتابی چمک رہی تھی۔ تمام شہروں کے مراکز کو بھی خوب سجایا گیا۔ اور وہاں پر کثیر تعداد میں احباب جماعت جمع ہوئے اور اپنے اپنے پروگرام ترتیب دئے۔ ان کے علاوہ ایم ٹی اے سے براہ راست نشر ہونے والا حضور انور کا صد سالہ جوبلی جلسہ کا ایمان افروز اور تاریخی خطاب سنا اور روح پرور نظارے دیکھے۔

بیت الذکر ٹورانٹو اور مشن ہاؤس کے دفاتر میں عہدیداروں کی مصروفیات، خدام کے وقارِ عمل، لجنہ کی تیاریاں، ایم ٹی اے کیمروں کی لپک جھپک، ذمہ داری کا احساس اور زیرلب دُعاؤں کے نظارے کسی اور دنیا کا تصور ذہن میں اُبھار رہے تھے۔ یہ کون لوگ ہیں جو رشتوں، مجبوریوں، فاصلوں اور وقت کی پابندیوں کو بھلاتے ہوئے خلافت حقّہ سے لپٹنے کی خواہش میں اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے کے لئے تیار رہتے ہیں۔ نفس مطمئنہ کے ایسے متلاشی صرف اور صرف جماعت احمدیہ میں ہی دیکھے جاسکتے ہیں۔

نماز تہجد

اس دن کو طویل تر کرنے کی خواہش میں رات بھر پیس ولیج میں چہل پہل رہی۔ خوشی کا ایک لمحہ بھی کوئی ضائع نہیں کرنا چاہتا تھا۔ نماز تہجد کا وقت ساڑھے تین بجے مقرر کیا گیا تھا۔ لیکن اُس سے بہت پہلے شمع خلافت کے یہ پروانے ہرسمت سے بیت الذکر کی طرف رواں دواں تھے۔ ایک بڑی تعداد میں خلافت کے ان متوالوں نے رات بیت الذکر میں ہی بسر کی۔ تین بجے رات بیت الذکر کھچا کھچ بھر چکی تھی۔

بیت الذکر کے تمام پارکنگ لاٹ کاروں سے بھرے ہوئے تھے۔ پارکنگ کے لئے دور دور تک جگہ نہ تھی۔ پیس ولیج کے گلیوں، کوچوں اور سڑکوں کے دونوں طرف کاریں پارک تھیں۔ اور بعد میں آنے والے احباب وخواتین باہر لگائے گئے شامیانوں میں جارہے تھے۔ اس شب ٹھنڈی ہوا کی وجہ سے سردی ہوگئی تھی اور بیت الذکر سے باہر لوگ سردی سے کپکپا رہے تھے۔

سردی کے باوجود مقررہ وقت پر محترم ملک لال خان صاحب امیر جماعت کینیڈا کی امامت میں نماز تہجد ادا کی گئی۔ جو ایک گھنٹہ تک جاری رہی۔ جس میں سات ہزار لوگوں نے شرکت کی۔

نماز فجر

نداء کے بعد پونے پانچ بجے نماز فجر ادا کی گئی اور یوں قادیان، ربوہ اور اپنے محبوب آقا سے بہت دور سات سمندر پار بیٹھے ہوئے مسیح موعود کے ان دیوانوں نے صد سالہ جشن خلافت کے مبارک دن کا آغاز کیا۔

درس حدیث

نماز فجر کے بعد محترم مولانا نسیم مہدی صاحب نائب امیر اوّل و مشنری انچارج کینیڈا نے شکر کے حوالہ سے حمد باری تعالیٰ کے موضوع پر درس حدیث پیش کیا۔

حضور انور کا پیغام

5 بج کر 45 منٹ پر اس خاص موقع کے لئے محترم ملک لال خان صاحب امیر جماعت کینیڈا نے حضور انور کا ازراہ شفقت ارسال فرمودہ تاریخی پیغام انگریزی میں پڑھ کر سُنایا۔ یہ پیغام دیدہ زیب طریقے سے شائع کر کے احباب جماعت میں تقسیم بھی کر دیا گیا تھا۔ اس پیغام کے بعد آدھ گھنٹے کے لئے ناشتہ کا وقفہ ہوا۔

مرکزی جلسہ یوم خلافت لندن

حضور انور کا ایم ٹی اے پر براہ راست خطاب، قادیان، ربوہ اور لندن کے دل پذیر نظارے دیکھنے کے لئے ناشتہ کے بعد آٹھ ہزار حاضرین ایک بار پھر بیت الذکر کے مختلف حصوں اور شامیانوں میں نصب بڑی بڑی ایم ٹی اے سکرینوں کے سامنے جم گئے اور قادیان، ربوہ اور لندن سے براہ راست نشر ہونے والے روح پرور پروگراموں سے اپنے دلوں کو گرمانے لگے مقامی وقت کے مطابق 8 بج کر 20 منٹ پر حضور انور کے اُس عظیم الشان خطاب کا پروگرام شروع ہوا جس کے لئے دنیا کے کونے کونے میں احمدی بے تابی سے منتظر تھے اور حبل اللہ کا ایک بے مثال عملی نمونہ پیش کر رہے تھے۔ حضور انور کا پرمعارف خطاب کسی آسمانی پانی کی طرح ساری دنیا میں تشنہ روحوں کو تقریباً دو گھنٹہ تک سیراب کرتا رہا۔ حاضرین اس خطاب کے ایک ایک لفظ کو دلوں میں اُتارنے کے لئے ہمہ تن گوش بیٹھے تھے۔ جب عہد تجدید وفا کا وقت آیا تو فرط جذبات سے نکلتی ہوئی دبی دبی چیخیں اور سسکیاں صاف سُنائی دینے لگیں۔ لیکن جوش جذبات میں اللہ اکبر کے نعرے بھی رُک نہیں سکتے تھے اور یہ نعرے بھی ایک ایسا عجیب منظر پیش کر رہے تھے جو آج سے پہلے نہ کبھی کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی کان نے سُنا۔ یعنی نعرے کبھی قادیان، کبھی ربوہ اور کبھی لندن سے بلند ہوتے تھے اور اُن کا جواب دنیا کے کونے کونے سے فضاؤں میں بلند ہورہا تھا۔ عاشقانِ مسیح موعود کے یہ دلنشیں انداز، اُن کے چمکتے ہوئے چہرے، روحانیت کے یہ سحر آفریں نظارے سو سالہ خلافت احمدیت کی کامیابیوں اور کامرانیوں پر مہر صداقت ثبت کر رہے تھے۔ اور یہاں کے وقت کے مطابق 10 بج کر 10 منٹ پر عالمی دُعا میں یہاں پر آٹھ ہزار کا مجمع جس میں مرد وزن، بوڑھے، بچے سب ہی اللہ تعالیٰ کے حضور اپنے آقا اور امام کے ساتھ دست بدعا تھے۔ لوگوں کی دعا کے دوران رقت سے ہچکیاں بندھ گئیں اور گریہ وزاری اور سوز و گداز سے بیت الذکر گونج رہی تھی۔ ایسا ایمان افروز نظارہ نہ کسی آنکھ نے پہلے دیکھا نہ کبھی سنا۔ ہر چند کہ اس عالمی دعا کے ساتھ یہ عظیم الشان تاریخی تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔

پرچم کشائی

آدھ گھنٹہ کے وقفہ کے بعد پرچم کشائی کی تقریب عمل میں آئی اور بیت الذکر کے صحن میں مکرم ملک لال خاں صاحب امیر جماعت احمدیہ کینیڈا نے لوائے احمدیت اور مکرم مولانا نسیم مہدی صاحب نائب امیر اول و مشنری انچارج جماعت احمدیہ کینیڈا نے قومی پرچم لہرایا اور محترم امیر صاحب نے دعا کروائی۔ اور بعدہ صد سالہ خلافت احمدیہ جشن تشکر کے مخصوص ڈبوں میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔

مقامی پروگرام

مجلس اطفال الاحمدیہ کینیڈا نے پرچم کشائی کی تقریب کے بعد اپنا پروگرام پیش کیا۔ مکرم عبدالعزیز صاحب خلیفہ، نائب امیر دوئم کینیڈا نے صدارت کی۔ تلاوت قرآن کریم اور نظم کے بعد بچوں نے بہت ہی خوبصورت ترانہ پُر جوش انداز میں سُنایا۔

یوں رجز پڑھتے نکلے قدم بہ قدم

کوئز پروگرام

اس کے بعد مجلس خدام الاحمدیہ کینیڈا کے زیر اہتمام کینیڈا کی چھ مجالس کے درمیان ایک دلچسپ کوئز پروگرام کروایا گیا۔ سخت مقابلے کے بعد مجالس خدام الاحمدیہ سنٹرل ساؤتھ۔ اوّل، ایسٹرن کینیڈا۔ دوئم اور سنٹرل ویسٹ۔ سوئم قرار پائیں۔

علمی مباحثہ

ایک نہایت دلچسپ پروگرام وہ علمی مباحثہ تھا جس میں جماعت احمدیہ کینیڈا کے علماء نے خلافت کے موضوع پر ہر جہت کے پہلے سے تیار کردہ سوالات کے تفصیلی جواب دیئے۔

سوال و جواب کی یہ دلچسپ محفل تقریباً ایک گھنٹہ تک جاری رہی۔ مکرم ملک لال خاں صاحب امیر جماعت احمدیہ کینیڈا صاحب نے اس محفل کی صدارت کی۔ اور یہ فریضہ نہایت احسن طور پر ادا فرمایا۔ ورنہ سوالات کی یہ دلچسپ محفل شاید ختم نہ ہوتی۔ تاہم احباب کی تشنگی کو دور کرنے کے لئے ریڈیو احمدیہ اور ایم۔ ٹی۔ اے کے پروگراموں میں سوالات کرنے کی تحریک اور حوصلہ افزائی کی گئی۔

تقسیم انعامات

دو بج کر چالیس منٹ پر تقسیم انعامات کا سلسلہ شروع ہوا۔ تمام ذیلی تنظیموں اور شعبہ واقفین نو تعلیم نے اپنے اپنے سال بھر میں کروائے گئے علمی اور ورزشی مقابلوں میں نمایاں اعزاز پانے والوں میں انعامات تقسیم کئے۔

تین بجے اس تاریخ ساز تقریب کے اختتام پر محترم ملک لال خاں صاحب امیر جماعت احمدیہ کینیڈا نے مختصر خطاب فرمایا اور کہا کہ حضور انور کے ولولہ انگیز خطاب کے بعد کسی تفصیلی خطاب کی ضرورت نہیں ہے۔ البتہ اس فکر کی ضرورت ہے کہ جو عہد ابھی ابھی ہم نے اللہ تعالیٰ سے اور اپنے پیارے امام سے کیا ہے، ہم اُس عہد کو عمل میں ڈھالیں گے۔ اللہ تعالیٰ کرے کہ ہم حضور انور کی تمام توقعات پر پورا اُترنے والے ہوں۔ دوپہر تین بجے اجتماعی دُعا کے ساتھ صد سالہ خلافت احمدیہ جشن تشکر کی تقریب ختم ہوئی۔

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

جمعرات 17 جولائی 2008ء

عربی سروس	12-30 am
لقاء مع العرب	1-25 am
ایم ٹی اے بین الاقوامی خبریں	2-50 am
بستان وقف نو	3-20 am
جلسہ سالانہ یو۔ کے 1992ء	4-00 am
فرام دی آرکائیوز	4-40 am
تلاوت، درس حدیث، خبریں	6-00 am
ہماری کائنات	6-45 am
لقاء مع العرب	7-25 am
آئل پینٹنگ	8-20 am
سیرت حضرت مسیح موعود	8-15 am
فرام دی آرکائیوز	8-40 am
خلافت جوبلی کوئز	10-30 am
جلسہ سالانہ یو کے 1992ء	11-25 am
تلاوت، درس ملفوظات، خبریں	12-00 pm
چلڈرنز کلاس	1-05 pm
انگلش ملاقات پروگرام	2-10 pm
دورہ حضور انور	3-25 pm
انڈونیشین سروس	3-55 pm
پشتو سروس	5-10 pm
تلاوت، درس ملفوظات، خبریں	6-00 pm
بنگلہ پروگرام	6-55 pm
ترجمۃ القرآن	8-05 pm
دورہ حضور انور	9-10 pm
سیرت النبی ﷺ	9-45 pm
انگلش ملاقات پروگرام	10-15 pm
مشاعرہ	11-20 pm

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

خطبہ جمعہ

لفظ اَلْجَبَّار کے مختلف لغوی و تفسیری معانی اور استعمالات کا تذکرہ

احمدی جہاں کہیں بھی بسنے والے ہوں، چاہے وہ انڈونیشیا ہو یا پاکستان ہو یا اور کوئی ملک ہو ہمیشہ یاد رکھیں کہ ان کا مددگار غالب اور رحیم خدا ہے۔ پس اس کے آگے جھکیں، اس سے رحم مانگیں

اپنے ایمانوں میں مضبوطی پیدا کریں اللہ تعالیٰ سب کو دعاؤں کی بھی توفیق دے اور صبر اور ثبات قدم بھی عطا فرمائے

جَبَّار کا لفظ جب اللّٰہ تعالیٰ کے لئے استعمال ہو تو اس کے یہ معنی ہوتے ہیں کہ بندوں کے خراب شدہ کاموں کو درست کرنے والا

(جامعہ احمدیہ گھانا میں زیر تعلیم جزیرہ کریباتی کے ایک مخلص نوجوان کی وفات کا تذکرہ اور نماز جنازہ غائب)

خطبہ جمعہ سیدنا حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرمودہ مورخہ 16 ؍مئی 2008ء بمطابق 16 ؍ہجرت 1387 ہجری شمسی بمقام بیت الفتوح، لندن (برطانیہ)

خطبہ جمعہ کا یہ متن ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ کے آغاز میں سورۃ الحشر کی آیت 24 تلاوت کی اور فرمایا اس آیت کا ترجمہ ہے کہ: وہی اللہ ہے جس کے سوا اور کوئی معبود نہیں۔ وہ بادشاہ ہے، پاک ہے، سلام ہے، امن دینے والا ہے، نگہبان ہے، کامل غلبہ والا ہے، ٹوٹے کام بنانے والا ہے اور کبریائی والا ہے۔ پاک ہے اللہ اس سے جو وہ شرک کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کی ایک صفت جَبَّار ہے جیسا کہ مَیں نے جو آیت تلاوت کی ہے اور اس کا ترجمہ پڑھا ہے، اس میں اس کا ذکر ہے۔ خدا تعالیٰ کی ذات کے بارے میں جب جَبَّار کا لفظ آتا ہے تو اس کے معنی اس سے مختلف ہوتے ہیں جب یہ لفظ بندے کے لئے استعمال ہو جیسا کہ اس کے ترجمے سے بھی ظاہر ہے۔ اہل لغت نے اس لفظ کے جو معنی کئے ہیں، پہلے مَیں وہ بیان کرتا ہوں۔

مفردات امام راغب میں لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی صفات میں جو اَلْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ کہا گیا ہے تو اللہ تعالیٰ کا نام اَلْجَبَّارُ اہل عرب کے قول جَبَرْتُ الْفَقِیْرَ یعنی میں نے فقیر کو نوازا کے مطابق ہے اور یہ نام اَلْجَبَّار اس لئے دیا گیا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی ایسی ذات ہے جو لوگوں پر اپنی متعدد نعماء نازل کرتا ہے، اپنی نعمتوں سے نوازتا ہے۔

یہ آگے لکھتے ہیں کہ اَلْجَبَّارُ انسان کی صفت کے طور پر اس شخص کے حق میں استعمال ہوتا ہے جو ایسے متکبرانہ دعاوی کرتا ہے جن کا وہ مستحق نہیں ہوتا اور انسان کے بارہ میں جَبَّار کا لفظ صرف مذمت کے لئے ہی استعمال ہوتا ہے۔

پھر لغت کی ایک کتاب لسان العرب ہے اس میں لکھا ہے، اَلْجَبَّار اللہ تعالیٰ کی ایک صفت ہے یعنی اپنی مخلوق کو اپنے منشاء کے مطابق اوامر و نواہی پر چلانے والا۔ یہاں یہ بھی واضح ہو جائے کہ اس میں زبردستی نہیں ہے، اللہ تعالیٰ نے بُرا اور بھلا بندے کے سامنے رکھ دیا ہے کہ نیکیوں پر چلو گے تو نیک جزا پاؤ گے اور اگر برائیاں کرو گے تو برائیوں کی سزا قانون قدرت کے مطابق ملے گی۔ لیکن اللہ تعالیٰ کی ایک صفت رحمت کی بھی ہے جو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میری رحمت تمام پر حاوی ہے، ہر چیز پر حاوی ہے۔ اس کے تحت وہ مالک ہے۔ جو چاہے سلوک کرتا ہے، رحمت سے بخش بھی دیتا ہے۔

بہرحال اس لغت میں آگے اَلْجَبَّار کے ایک معنی یہ لکھے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی وہ صفت ہے جس تک رسائی ممکن نہیں، جس تک انسان پہنچ نہیں سکتا۔ پھر لکھا ہے اَلْجَبَّار مخلوق سے بلند مقام پر فائز ہستی کو جَبَّار کہتے ہیں۔ انسانوں کے معاملے میں لکھا ہے کہ وہ متکبر شخص جو اپنے ذمہ کسی شخص کا حق تسلیم نہ کرے، اسے بھی جَبَّار کہتے ہیں۔

لحیانی کہتے ہیں کہ جَبَّار وہ شخص ہے جو اللہ تعالیٰ کی عبادت سے تکبر کی راہ سے اعراض کرے۔ عبادت نہ کرے اور اس میں تکبر پایا جاتا ہو۔ قَلْبٌ جَبَّار کا مطلب ہے ایسا دل جس میں رحم نہ ہو۔ وہ دل جو تکبر کی وجہ سے نصیحت قبول نہ کرے۔ رَجُلٌ جَبَّار، ہر ایسے شخص کو جَبَّار کہیں گے جو زبردستی اپنی بات منوائے جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ (۔) (سورۃ قٓ: 46) یعنی تو ان پر مسلط نہیں ہے، تا انہیں زبردستی اسلام قبول کرنے کے لئے مجبور کرے۔ پھر ہر اس جھگڑالو شخص کو جو ناحق لڑتا جھگڑتا ہے جَبَّار کہتے ہیں۔ اَلْجَبَّار عظیم، قوی اور طویل کو بھی کہتے ہیں۔

امام ابوحنیفہ کہتے ہیں کہ اَلْجَبَّار اُسے کہتے ہیں جو بلند سے بلندتر ہوتا چلا جائے اور اس کی عزت و شرف میں کمی نہ ہو۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے مختلف لغات سے جو معنی اخذ کئے ہیں، آپ لکھتے ہیں کہ "اَلْجَبَّار اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے ایک صفت ہے اور اس کے معنی لوگوں کی حاجات پوری کرنے والے کے ہوتے ہیں۔ لیکن جب کسی غیر اللہ کے متعلق جَبَّار کا لفظ استعمال ہو تو اس کے معنی سرکش اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والے کے ہوتے ہیں"۔

(تفسیر کبیر جلد 7 تفسیر سورۃ القصص آیت 20 صفحہ 485)

پھر آپ لکھتے ہیں کہ جَبَّار کے معنی ہوتے ہیں دوسروں کو نیچا کر کے اپنے آپ کو اونچا کرنے والا۔

پھر ایک جگہ آپ نے لکھا ہے جَبَّار کا لفظ خدا تعالیٰ کی صفات میں ہے۔ یعنی اصلاح کرنے والا.........اور ہر سرکشی کرنے والے اور بات نہ ماننے والے کو بھی (جَبَّار) کہتے ہیں"۔

(تفسیر کبیر جلد 3 تفسیر سورۃ ھود زیر آیت 60 صفحہ 210)

پھر ایک جگہ آپ لکھتے ہیں کہ "جہاں اس کے معنی اصلاح کرنے کے ہیں وہاں کسی کی مرضی کے خلاف اس پر ظلم کر کے جبراً اس سے کام لینے کے بھی ہیں۔ گویا ایک معنی ایسے ہیں جن میں نیکی اور اصلاح پائی جاتی ہے اور ایک معنی ایسے ہیں جن میں سختی اور ظلم پایا جاتا ہے"۔

(تفسیر کبیر جلد 5 تفسیر سورۂ مریم زیر آیت 15 صفحہ 148)

حضرت مسیح موعود نے بھی اس کے جو معنی کئے ہیں وہ ہیں کہ بگڑے ہوئے کو بنانے والا۔

حضرت مصلح موعود نے اپنی جلسہ سالانہ کی ایک تقریر جس کا عنوان تقدیر الٰہی ہے اس میں خدا تعالیٰ کی ذات سے جَبَـر کے بارے میں بعض لوگوں کے غلط نظریات بیان کرتے ہوئے جو وہ اللہ تعالیٰ کی ذات کے بارے میں بیان کرتے ہیں، اس صفت جَبّار کی وضاحت کرتے ہوئے ایک جگہ اسی کتاب میں فرماتے ہیں کہ ’’قرآن کریم سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ جَبّار ہے۔ مگر اس کے معنی اصلاح کرنے والا‘‘ کے ہیں اور یہ کہتے ہیں جَبَـرِیَـہ ہے زبردستی کام کراتا ہے حالانکہ یہ کسی صورت میں بھی درست نہیں ہے۔ عربی میں جَبَـر کے معنی ٹوٹی ہوئی ہڈی کو درست کرنے کے ہیں اور جب یہ لفظ خدا تعالیٰ کی طرف منسوب ہوتا ہے تو اس کے یہ معنی ہوتے ہیں کہ بندوں کے خراب شدہ کاموں کو درست کرنے والا اور اس کے دوسرے معنی یہ ہیں کہ دوسرے کے حق کو دبا کر اپنی عزت قائم کرنے والا۔ لیکن یہ معنی تب کئے جاتے ہیں جب بندوں کی نسبت استعمال ہو۔ خدا تعالیٰ کی نسبت استعمال نہیں کئے جاتے اور نہ کئے جاسکتے ہیں کیونکہ سب کچھ خدا تعالیٰ کا ہی ہے۔ یہ کہا ہی نہیں جاسکتا کہ دوسروں کے حقوق کو تلف کر کے اپنی عزت قائم کرتا ہے‘‘۔ (تـقـدیـر الٰـہـی۔ انوار العلوم جلد 4 صفحہ 459) یہ تقدیر الٰہی کا مسئلہ ہے، حقیقی عرفان تو یہ کتاب پڑھنے سے ہی حاصل ہوتا ہے۔ بہرحال اس لفظ کے تحت انہوں نے یہ وضاحت کی ہے۔

حضرت مسیح موعود اس آیت میں جو مَیں نے تلاوت کی ہے، بیان کردہ صفات کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ: ’’یعنی وہ خدا بادشاہ ہے جس پر کوئی داغِ عیب نہیں۔ یہ ظاہر ہے کہ انسانی بادشاہت عیب سے خالی نہیں۔ اگر مثلاً تمام رعیت جلاوطن ہو کر دوسرے ملک کی طرف بھاگ جاوے تو پھر بادشاہی قائم نہیں رہ سکتی۔ یا اگر مثلاً تمام رعیت قحط زدہ ہو جائے تو پھر خراجِ شاہی کہاں سے آئے اور اگر رعیت کے لوگ اس سے بحث شروع کر دیں کہ تجھ میں ہم سے زیادہ کیا ہے تو وہ کون سی لیاقت اپنی ثابت کرے۔ پس خدا تعالیٰ کی بادشاہی ایسی نہیں ہے۔ وہ ایک دم میں تمام ملک کو فنا کر کے اور مخلوقات پیدا کر سکتا ہے۔ اگر وہ ایسا خالق اور قادر نہ ہوتا تو پھر بجز ظلم کے اس کی بادشاہت چل نہ سکتی۔ کیونکہ وہ دنیا کو ایک مرتبہ معافی اور نجات دے کر پھر دوسری دنیا کہاں سے لاتا۔ کیا نجات یافتہ لوگوں کو دنیا میں بھیجنے کے لئے پھر پکڑتا؟ اور ظلم کی راہ سے اپنی معافی اور نجات دہی کو واپس لیتا؟ تو اس صورت میں اس کی خدائی میں فرق آتا اور دنیا کے بادشاہوں کی طرح داغدار بادشاہ ہوتا جو دنیا کے قانون بناتے ہیں۔ بات بات پر بگڑتے ہیں اور اپنی خود غرضی کے وقتوں پر جب دیکھتے ہیں کہ ظلم کے بغیر چارہ نہیں تو ظلم کو شیرِ مادر سمجھ لیتے ہیں۔ مثلاً قانون شاہی جائز رکھتا ہے کہ ایک جہاز کو بچانے کے لئے ایک کشتی کے سواروں کو تباہی میں ڈال دیا جائے اور ہلاک کیا جائے مگر خدا کو تو یہ اضطرار پیش نہیں آنا چاہئے۔ پس اگر خدا پورا قادر اور عدم سے پیدا کرنے والا نہ ہوتا تو وہ یا تو کمزور راجوں کی طرح قدرت کی جگہ ظلم سے کام لیتا اور یا عادل بن کر خدائی کو ہی الوداع کہتا۔ بلکہ خدا کا جہاز تمام قدرتوں کے ساتھ سچے انصاف پر چل رہا ہے۔

پھر فرمایا اَلسَّلَامُ یعنی وہ خدا جو تمام عیبوں اور مصائب اور سختیوں سے محفوظ ہے بلکہ سلامتی دینے والا ہے۔ اس کے معنی بھی ظاہر ہیں کیونکہ اگر وہ آپ ہی مصیبتوں میں پڑا۔ لوگوں کے ہاتھ سے مارا جاتا اور اپنے ارادوں میں ناکام رہتا تو اس بدنمونہ کو دیکھ کر کس طرح دل تسلّی پکڑتے کہ ایسا خدا ہمیں ضرور مصیبتوں سے چھڑا دے گا............ پھر فرمایا کہ خدا امن کا بخشنے والا ہے اور اپنے کمالات اور توحید پر دلائل قائم کرنے والا ہے۔ اور یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ سچے خدا کا ماننے والا کسی مجلس میں شرمندہ نہیں ہوسکتا اور نہ خدا کے سامنے شرمندہ ہوگا کیونکہ اس کے پاس زبردست دلائل ہوتے ہیں۔ لیکن بناوٹی خدا کا ماننے والا بڑی مصیبت میں ہوتا ہے۔ وہ بجائے دلائل پیش کرنے کے ہر ایک بے ہودہ بات کو راز میں داخل کرتا ہے تا ہنسی نہ ہو اور ثابت شدہ غلطیوں کو چھپانا چاہتا ہے۔ اور پھر فرمایا کہ یعنی وہ سب کا محافظ ہے اور سب پر غالب اور بگڑے ہوئے کا بنانے والا ہے اور اس کی ذات نہایت ہی مستغنی ہے‘‘۔

(اسلامی اصول کی فلاسفی، روحانی خزائن جلد 10 صفحہ 373-375)

تو یہ ہے وہ خدا جس کا اس آیت سے پتہ لگتا ہے جو مَیں نے تلاوت کی۔ اس میں اللہ تعالیٰ کی وہ تمام صفات بیان ہوئی ہیں جو بندے کو اس کے قریب تر لانے والی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے رحم کا وارث بناتی ہیں۔ وہ بادشاہ ہے۔ ہر غلطی سے پاک ہے۔ ہر کمزوری سے پاک ہے۔ ہر برائی سے پاک ہے۔ جو اس کی طاقت ہے وہ منبع ہے ہر قسم کے اور مکمل امن کا۔ بندے کو ہر قسم کے خطرات سے بچانے والا اور حفاظت میں رکھنے والا ہے اور سب پر نگران ہے۔ تمام طاقتوں والا اور غالب ہے۔ ہر ٹوٹے کام کو بنانے والا ہے اور ہر نقصان کو پورا کرنے والا ہے۔ وہ ہر ضرورت سے بالا ہے اور ہر ایک کی ضرورت کو پورا کرنے والا ہے۔

پس ان طاقتوں کے خدا پر جبر کے وہ معنی نہیں کئے جاسکتے جو عموماً کئے جاتے ہیں یا بندے کے بارے میں کئے جاتے ہیں۔ یہ اس پر چسپاں ہو ہی نہیں سکتے۔ کیونکہ عارضی طاقتوں، وقتی حکومتوں کی تو ان لوگوں کو ضرورت ہے جو عارضی لوگ ہیں۔ خدا تو ہمیشہ کے لئے ہے، ہمیشہ سے طاقتور ہے اور طاقت کا منبع ہے اور اس کے مقابلے میں جیسا کہ مَیں نے کہا جب بندے کی طرف یہ صفت منسوب ہوتی ہے تو اس کے معنی جیسا کہ ہم نے دیکھا بے رحم، تکبر کی وجہ سے نصیحت قبول نہ کرنے والا، زبردستی اپنی بات منوانے والا اور جھگڑا کرنے والا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں جہاں بھی جَبّـار کا لفظ بندوں کے لئے استعمال فرمایا ہے تو اس رنگ میں ہی استعمال فرمایا ہے جسے منفی رنگ کہہ سکتے ہیں۔ اب چند وہ آیات میں سامنے رکھتا ہوں جن میں یہ لفظ استعمال ہوا ہے۔ ایک مفسر نے اس حوالے سے جَبَـــر کی یا انسان کے بارے میں جَبّار کی درج ذیل اقسام بیان فرمائی ہیں۔

نمبر ایک کہ مسلّط ہونے والا۔ اس کی دلیل میں وہ کہتے ہیں (۔) (سورۃ قٓ: 46) یعنی تو ان پر زبردستی کرنے والا نگران نہیں ہے۔

دوسرے عظیم جسامت والا۔ (۔) (المائدہ: 23) یقیناً ان میں ایک سخت گیر قوم ہے۔

پھر اللہ تعالیٰ کی عبادت سے سرکشی اختیار کرنے والا۔ (۔) (مریم: 33) اور مجھے سخت گیر نہیں بنایا گیا۔ بہت زیادہ لڑنے والا جیسا کہ (۔) (الشعراء: 131) ہے۔ یعنی زبردست بنتے ہوئے گرفت کرتے ہوئے اور (۔) (القصص: 20) یعنی تو یہ چاہتا ہے کہ ملک میں دھونس جماتا پھرے۔ سو مسلّط ہونے والے کے ضمن میں جس آیت کا حوالہ مَیں نے دیا ہے، یہ سورۃ کہف کی آیت نمبر 46 ہے۔ مکمل آیت یوں ہے۔ (۔) (سورۃ قٓ: 46) یعنی ہم اسے سب سے زیادہ جانتے ہیں جو وہ کہتے ہیں اور تُو ان پر زبردستی اصلاح کرنے والا نگران نہیں ہے۔ پس قرآن کے ذریعہ اسے نصیحت کرتا چلا جا جو میری تنبیہ سے ڈرتا ہے۔

پس یہ حکم ہے آنحضرت ﷺ کے ماننے والوں کو بھی کہ تمہارا کام پیغام پہنچا دینا ہے۔ زبردستی سے کسی کی اصلاح نہیں ہوسکتی۔ اللہ تعالیٰ جب اپنے پیاروں کے حق میں نشان دکھاتا ہے تو پھر انکار کرنے والوں کو خیال آتا ہے کہ ہمارے گناہوں کی وجہ سے بعض سزائیں مل رہی ہیں لیکن بعض بدقسمت پھر بھی حقیقت کو نہیں سمجھتے۔

پاکستان میں بھی مختلف آفات کے بعد لکھنے والوں نے اخباروں میں کالم کے کالم لکھے ہیں کہ لگتا ہے ہماری غلطیوں کی پاداش میں یہ سب کچھ ہو رہا ہے۔ لیکن اللہ کی آواز پر کان نہیں دھرتے، اپنی آنکھیں نہیں کھولتے۔ لیکن بہرحال اللہ تعالیٰ کا ہمیں یہ حکم ہے کہ تمہارا کام تنبیہ کرنا اور پیغام پہنچانا ہے۔ پس انسانی ہمدردی اور اللہ تعالیٰ کے حکم کے تحت دنیا کو راستی کی طرف بلاتے رہنا ہمارا کام ہے۔

اللہ تعالیٰ کا حضرت مسیح موعود سے یہ وعدہ ہے کہ مَیں تیری (۔) کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا اور اس کو ہم ہر روز پورا ہوتے دیکھتے ہیں لیکن اس کا یہ مطلب بھی ہے کہ تمہارے جو ماننے والے ہیں ان کا کام ہے کہ اس پیغام کو پہنچاتے رہو۔ اس کے نتائج پیدا کرنا میرے ذمہ ہے۔ اس کے لئے ذریعہ نکالنا میرے ذمہ ہے۔ ان کو استعمال کرنا تمہارا کام ہے۔ اس کے نتیجے

نکالنے، دلوں کو فتح کرنا، خدا تعالیٰ کا کام ہے۔ پس جو کام ہمارے سپرد ہے وہ ہمیں کرتے چلے جانا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق دے۔

پھر اللہ تعالیٰ نے سورۃ ھود میں نافرمانوں اور سرکشوں کو اس زمرہ میں بیان فرمایا ہے۔ وہ جبار بنتے ہیں۔ جیسا کہ فرمایا (۔)(ھود:60) اور یہ ہیں عاد جنہوں نے اپنے ربّ کی آیات کا انکار کر دیا اور اس کے رسولوں کی نافرمانی کی اور ہر سخت جابر اور سرکش کے حکم کی پیروی کرتے رہے۔

یہاں بھی اللہ تعالیٰ نے اس حوالے سے ذکر فرمایا ہے جس سے عاد کا نیکیوں سے انکار ثابت ہوتا ہے۔ رسول کی نافرمانی کرتے ہیں اور دنیاوی جاہ و حشمت والوں کو سب کچھ سمجھتے ہیں جو کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سرکش لوگ ہیں اور پھر اگلی آیت میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ان بے وقوفوں کو اس ناشکری کی وجہ سے سزا ملی جن کی یہ پیروی کرتے رہے۔ اور جن کو وہ جابر اور اونچا مقام دلانے والا اور حفاظت کرنے والا سمجھتے رہے وہ اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں ان کے کچھ کام نہ آسکے۔ تو یہ سبق ہے جو پچھلی قوموں کو دے کر اللہ تعالیٰ نے بتایا کہ آئندہ بھی یہ قوموں کو یاد رکھنا چاہئے۔

پھر سورۃ شعراء میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (۔) (الشعراء:131) اور جب تم گرفت کرتے ہو تو زبردست بنتے ہوئے گرفت کرتے ہو۔ یہاں پھر عاد کا ذکر ہے کہ کس طرح غلبہ کی صورت میں تم لوگ اس تہذیب کو تباہ کرنے کی کوشش کرتے ہو۔ جس قوم پر قبضہ کر لو اسے انتہائی ذلیل کرنے کی کوشش کرتے ہو اور اپنی بڑائی اور طاقت کا اظہار کرتے ہو۔ اپنی جنگی طاقت اور قوت کی وجہ سے چاہتے ہو کہ ہر قوم تمہارے زیرنگیں ہو جائے۔ لیکن اللہ کے رسول نے انہیں ڈرایا کہ اللہ کو یہ حرکتیں پسند نہیں ہیں۔ خدا سے ڈرو اور اصلاح کرو۔

آج بھی ہم دیکھتے ہیں کہ بعض بڑی طاقتیں اسی اصول پر چل رہی ہیں۔ گو سیاست کی وجہ سے بعض دفعہ مدد کے نام پر قبضے جمائے جاتے ہیں لیکن بڑائی اور تکبر صاف بتا رہا ہوتا ہے کہ دل میں کچھ اور ہے اور ظاہر کچھ اور کیا جا رہا ہے اور اصل مقصد قبضہ اور تسلّط ہے۔ اصل مقصد اپنی حکومت قائم کرنا ہے۔ اصل مقصد اپنے زیرنگیں کرنا ہے اور پھر ظالمانہ طور پر ان پر گرفت کر کے اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے پھر سزائیں بھی دی جاتی ہیں۔ پہلے تو کچھ کہا جاتا ہے اور پھر اسی گرفت کی وجہ سے سزاؤں میں پھنسایا جاتا ہے۔............

اب انڈونیشیا میں بھی گزشتہ کچھ عرصہ سے یہ ظلم ہو رہے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ ہم طاقت والے ہیں کہ جس طرح چاہے احمدیوں کے ساتھ سلوک کریں۔ اُن کو سزائیں دیں، اُن کی عورتوں بچوں پر ظلم کریں، اُن کی جائیدادوں کو جلا دیں اور یہ صرف اس لئے ہے کہ وہاں کی حکومت میں اِس وقت مُلّاں شامل ہے اور حکومتی یا جو حکومت چلانے والے ممبران ہیں یا حکومت ہے وہ سیاست چمکانے کے لئے مجبور ہیں اور نہ چاہتے ہوئے بھی اس وجہ سے کہ اس مُلّاں کی بات نہ ماننے پر کہیں ہماری حکومت نہ ٹوٹ جائے۔ جس نے ہمیشہ دین کے نام پر فساد پھیلایا ہے۔ اپنے آپ کو جابر سمجھتے ہیں اور نہیں سمجھتے کہ ان کا یہ فعل انہیں ان متکبروں میں شامل کر رہا ہے جو بندوں کا بھی حق تسلیم نہیں کرتے اور اللہ تعالیٰ کے حکم کو بھی توڑ رہے ہیں اور نہیں جانتے کہ اللہ تعالیٰ جب ایسے ظالموں اور سرکشوں کا ذکر کرتا ہے جو اللہ کے رسول کی دشمنی کی وجہ سے اسے یا اس کی قوم کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں۔ تو اس قسم کے لوگوں کا ذکر کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے کہ ....(الشعراء:10) کہ تیرا رب یقیناً غالب اور بار بار رحم کرنے والا ہے۔ پس ہمیں تو پتہ ہے کہ آخری غلبہ انشاء اللہ تعالیٰ ہمارا ہے۔ کیونکہ ہمارا رب ہمارے ساتھ ہے وہ خدا ہمارے ساتھ ہے جس نے حضرت مسیح موعود سے وعدہ فرمایا ہے کہ مَیں تیرے اور تیرے پیاروں کے ساتھ ہوں۔ وہ خدا ہمارے ساتھ ہے جس نے حضرت مسیح موعود سے غلبہ کا وعدہ فرمایا ہے۔ پس یہ تو ہمیں یقین ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ آخری غلبہ ہمارا ہے اور یہ لوگ جو اپنے زُعم میں جابر بننے والے ہیں، ہمیں یقین ہے کہ یہ بھی اپنے انجام کو پہنچنے والے ہیں۔ یہ سمجھتے ہیں کہ یوں احمدیوں کی مخالفت سے یہ اپنے مقام اونچے کر رہے ہیں لیکن نہیں جانتے کہ ان کے پاؤں سے زمین جلد نکلنے والی ہے اور وہ بلندیوں کی بجائے گہرے زمینی اندھیروں میں دھنسنے والے ہیں اور اس طرف بڑی تیزی سے بڑھ رہے ہیں۔

پس احمدی جہاں کہیں بھی بسنے والے ہوں، چاہے وہ انڈونیشیا ہو یا پاکستان ہو یا اور کوئی ملک ہو جہاں جہاں بھی ظلم کا شکار ہو رہے ہیں، ہمیشہ یاد رکھیں کہ ان کا مددگار غالب اور رحیم خدا ہے۔ پس اس کے آگے جھکیں، اس سے رحم مانگیں۔ وہ خدا جو عالم الغیب بھی ہے اس کی نظر میں اگر یہ لوگ اصلاح کے قابل نہیں ہیں تو ہمیں بھی ان سے نجات دلوائے اور ان بے وقوفوں کو بھی یا ان کمزوروں کو بھی جو ان کی باتوں میں آ کر اپنی دنیا بھی برباد کر رہے ہیں اور اپنی آخرت بھی برباد کر رہے ہیں۔ پس ایسے لوگوں پر رحم کے لئے بھی ضروری ہے کہ ہم اپنے رحیم خدا سے دعا مانگیں کہ ظالموں سے اس دنیا کو محفوظ رکھے۔ اگر خدا تعالیٰ ان ظالموں کو اس زمرہ میں شمار کر چکا ہے جس کے بارہ میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ (۔)(المومن:36) کہ اسی طرح اللہ تعالیٰ ہر متکبر اور جابر کے دل پر مہر لگا دیتا ہے، تو پھر باقی دنیا کی بقا کے لئے بھی احمدیوں کو بہت زیادہ دعاؤں کی ضرورت ہے اور پیغام پہنچانے کی ضرورت ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق دے۔

انڈونیشیا کے احمدیوں کو بھی مَیں کہنا چاہتا ہوں کہ پہلے تو قرآنی پیشگوئی کے مطابق اس کے مصداق صرف پاکستان کے احمدی بن رہے تھے کہ آگیں لگائی جاتی تھیں اور پولیس اور انتظامیہ بیٹھ کر تماشے دیکھا کرتی تھی۔ اب انڈونیشیا میں بھی پے در پے ایسے واقعات ہو رہے ہیں جو ہمارے سامنے یہ نظارے رکھتے ہیں۔ پس یہ اس پیشگوئی کے مطابق ہے جو قرآن میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ آگیں لگائیں گے اور دیکھیں گے۔ پس اپنے ایمانوں میں مضبوطی پیدا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ان ظالموں کے یہ ظلم انہی پر پڑیں گے۔ اللہ تعالیٰ سب کو دعاؤں کی بھی توفیق دے اور صبر اور ثبات قدم بھی عطا فرمائے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ ثانیہ کے دوران فرمایا:

ایک افسوسناک اطلاع ہے کہ ہمارے جامعہ احمدیہ گھانا میں زیر تعلیم ایک طالب علم، احمد Apisai، جو کریباتی (Kiribati) جزیرہ سے وہاں تعلیم حاصل کرنے گئے ہوئے تھے۔ جن کی عمر 20 سال تھی۔ وقف نو کے مجاہد تھے۔ بڑے سعادت مند اور تعاون کرنے والے نوجوان تھے۔ جب مَیں جلسہ سالانہ گھانا میں گیا ہوں تو اس موقع پر انہوں نے بڑی محنت کے ساتھ دن رات ڈیوٹیاں بھی دیں۔ جامعہ میں بھی تیاری وغیرہ کرتے رہے، کچھ دیر بیمار رہ کر 4 مئی کو رات کو ان کی وفات ہو گئی ہے۔ (۔) ہر طرح کے علاج کی کوشش کی گئی تھی لیکن بہرحال اللہ کی مرضی تھی، اسی پر ہم راضی ہیں۔ ان کے والدین نے 1988ء میں عیسائیت سے احمدیت میں شمولیت اختیار کی تھی۔ احمدیت کو قبول کیا تھا اور اس جزیرہ میں یہ پہلا احمدی خاندان ہے۔ نہایت مخلص خاندانوں میں شمار ہوتا ہے۔ ان کی والدہ ایک سکول ٹیچر ہیں اور (۔) کا بہت شوق رکھتی ہیں۔ والد بھی سلسلہ کا دَرد رکھنے والے نیک انسان تھے۔ وفات پا چکے ہیں۔ وہ بھی خلافت رابعہ میں یہاں لندن جلسہ پر آئے تھے اس کے بعد واپس گئے اور بیمار رہے اور تھوڑی دیر بعد ہی ان کی وفات ہو گئی۔ اللہ تعالیٰ ان کے والد سے بھی مغفرت کا سلوک فرمائے۔ ان کے درجات بلند کرتا رہے اور اس مجاہد بیٹے سے بھی مغفرت کا سلوک فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ ان کے ہاں پہلے اولاد تو تھی لیکن لڑکا کوئی نہیں تھا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی دعا سے یہ بچہ پیدا ہوا تھا جس کو انہوں نے وقف کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ اس والدہ کو بھی صبر دے اور اپنی رضا پر راضی رکھے، ایمان میں بڑھائے۔ اس خاندان کے لئے بہت زیادہ دعا کریں۔ خاص طور پر ان کی والدہ کے لئے۔ ابھی نماز جمعہ کے بعد انشاء اللہ میں اس بچے کی نماز جنازہ غائب بھی پڑھاؤں گا۔

☆......☆......☆

مکرم اقبال احمد نجم صاحب

مکرم سید محمود احمد صاحب آف برازیل

پہلی دفعہ مکرم سید محمود احمد صاحب سے میری ملاقات 22 جولائی 1985ء کو ائیر پورٹ پر ریو دے جنیرو برازیل میں ہوئی تھی آپ مجھے لینے آئے تھے اور خاکسار وہاں جماعت احمدیہ کا نیا مشن کھولنے کے لئے بارشاد حضرت خلیفۃ المسیح الرابع گیا تھا کراچی میں جب میں مربی تھا تو ان کے بھائی سید شریف صاحب کے ذریعہ ان کا غائبانہ تعارف تو ہو گیا تھا مگر اس وقت مجھے یہ معلوم نہیں تھا کہ مستقبل قریب میں ان سے ملاقات بھی ہو گی اور اتنا قریب کئی سال رہنے کا اتفاق بھی ہو گا۔ آپ نے مجھے خوش آمدید کہا اور کہنے لگے حضور نے مجھے آج سالگرہ کا عمدہ تحفہ ارسال فرمایا ہے یعنی اس روز ان کی سالگرہ تھی جس دن میں وہاں پہنچا۔ 24 سال ہو گئے اس بات کو مگر ایسے معلوم ہوتا ہے جیسے یہ کل کی ہی بات ہو کچھ عرصہ قبل آپ کا بائی پاس ہوا تھا اور اب ان کی انجیو پلاسٹی ہوئی تھی لیکن اب کی بار ان کی یہ بیماری جان لیوا ثابت ہوئی اور آپ 2۔ اکتوبر 2007ء کو وفات پا گئے۔

بلانے والا ہے سب سے پیارا
اسی پہ اے دل تو جاں فدا کر

آپ کے ساتھ بیتے دنوں کی یادیں کچھ ایسی نہیں ہیں کہ آسانی سے ان کو بھلایا جا سکتا ہو کچھ باتیں عرض کئے دیتا ہوں تا کہ مرحوم کے لئے تحریک دعائے خاص بھی ہو۔ اللہ تعالیٰ ان پر اپنی بے پناہ رحمتیں نازل فرمائے اور پسماندگان کا حامی و ناصر بھی ہو آمین

آپ اس وقت شہر ریو کے بینک میں اکانومسٹ تھے اور نیتارائے کے شہر میں رہتے تھے اور یہ دونوں شہر پاس پاس ہیں۔ درمیان میں 12-13 میل کا پل ہے جو سمندر پر بنا ہوا ہے۔ آپ کا ایک گھر جزیرہ پاکیتا میں بھی ہے۔ جہاں ہر ہفتہ کے آخر میں جایا کرتے تھے۔ یہ جزیرہ ریو سے 17 میل کے فاصلے پر سمندر میں واقع ہے جہاں سٹیمر کئی بار دن میں آتا جاتا ہے۔ چھ میل قطر کا یہ جزیرہ بہت ہی خوبصورت جزیرہ تھا یہاں سمندر میں کچھ فاصلے پر چٹانیں تھیں جہاں برازیل کو اول اول دریافت کرنے والا بیڑا آ کر لگا تھا۔

جب میں لندن سے وہاں پہنچا تو سید صاحب مجھے لے کر اپنے جزیرہ پاکیتا والے مکان میں گئے۔ وہاں انہوں نے مجھے ایک کمرہ دے دیا۔ یہ میرے سونے کا کمرہ بھی تھا جماعت کی لائبریری بھی تھی اور نماز پڑھنے کے لئے بیت بھی تھی۔ ویک اینڈ پر آپ آپ کی بچیاں اور اہلیہ آتی تھیں بڑے مہمان نواز تھے بہت اہتمام فرماتے تھے میں نے ان دنوں میں اپنی پرتگالی زبان مضبوط کی اور آتے جاتے سٹیمر میں ہم جماعت کا آئین انگریزی سے پرتگالی میں ترجمہ کرتے تھے تا کہ ابتداء میں ہی جماعت یہاں رجسٹرڈ کرا لیں آپ بہت تعاون فرماتے تھے۔ ہم باہمی مشاورت سے آگے بڑھتے رہے اس وقت ہم اتنے بڑے ملک میں دو ہی احمدی تھے جنہوں نے اس ملک میں اور پرتگالی زبان میں جماعت کی بنیادوں کو اٹھایا اور عمارت کی تعمیر شروع کی۔

یہاں میں ایک دلچسپ واقعہ بھی لکھتا ہوں۔ آپ کی اہلیہ برازیلی ہیں انہوں نے پاکیتا والے مکان میں 10-11 کتے پالے ہوئے تھے جن کی بظاہر کوئی ضرورت نہیں تھی۔ ان کی خوراک پر بھی بہت خرچ اٹھتا تھا اور گند بھی بہت ڈالتے تھے گو صفائی کے لئے ایک نوکر بھی تھا مگر وہ تساہل سے کام لیتا تھا اور ان کی وجہ سے میں اپنا کمرہ یا بیت بند رکھنے پر مجبور تھا۔ میں نے سید صاحب سے بات کی تو کہنے لگے کہ شادی سے قبل ہم میاں بیوی کا یہ معاہدہ ہوا تھا کہ ہم ایک دوسرے کے مذہب میں دخل نہیں دیں گے وہ کہتی ہیں کہ جانور رکھنا اور ان کا خیال رکھنا میرے مذہب میں ہے۔ لہٰذا آپ مجھے مجبور سے نظر آئے میں خاموش ہو گیا میں نے دعا بھی کہ مولا ان کتوں سے نجات دے اور انہیں بتایا کہ مفید جانور بھی پالے جا سکتے ہیں مثلاً خرگوش اور بٹیر وغیرہ۔

خیر یہ کہہ کر میں تو پارا گوائے چلا گیا۔ 15 دن بعد جب میں آیا تو مجھے کوئی کتا نظر نہ آیا نوکر سے معلوم کیا کہ کیا ماجرا ہے تو اس نے بتایا کہ جب آپ گئے ہو تو کتے ایک ایک کر کے مرنے شروع ہو گئے۔ ایک ہمسائی نے یہ خیال ظاہر کیا کہ مشنری انہیں زہر نہ دے گیا ہو کیونکہ کتے اسے پسند نہیں تھے۔ پھر کتے کی لاش قبر سے نکلوا کر پوسٹ مارٹم کرائی گئی۔ جس سے اس بات کا کوئی ثبوت نہیں ملا کہ انہیں زہر دیا گیا ہے اس پر انہیں اطمینان ہوا اور ندامت پیدا ہوئی پھر خرگوش اور بٹیر رکھے گئے پھر انہیں ایک رات رویا میں حضرت مسیح موعودؑ بھی نظر آئے چنانچہ ان کے رویہ میں زمین و آسمان کا فرق پڑ گیا۔

میں تقریباً چھ ماہ یہاں رہا گویا یہ میرا ایک طرح سے تیاری کا وقت تھا۔ سید صاحب تو یہی چاہتے تھے کہ وہاں پر ہی رہوں۔ لیکن میں نے محسوس کیا کہ جماعت کام کو آگے بڑھانے کے لئے مجھے ریو دے جنیرو شہر میں منتقل ہونا چاہئے۔ چنانچہ علاقہ Copacalana کے ساتھ والے علاقہ میں جو خلا منگو کہلاتا ہے وہاں ایک کمرے کا فلیٹ لیا گیا پھر مکرم سید صاحب تقریباً روزانہ ہی تشریف لانے لگے۔ ظہر و عصر مل کر پڑھتے باہمی مشاورت کرتے اس طرح کام تیزی سے آگے بڑھنے لگا۔ آپ میرے جنرل سیکرٹری بھی تھے۔

